PDMA
Provincial Disaster Management Authority
Sector B-2 Phase-V Hayatabad, Peshawar, Khyber Pakhtunkhwa.
Phone: (091) 9219635, 9219636 Fax: (091) 9219637
www.pdma.gov.pk

پی ڈی ایم اے اپڈیٹس:

مورخہ: 15 جون، 2026

موسمی انتباہ {الرٹ}

پریس ریلیز

پی ڈی ایم اے نے 16 سے 20 جون تک خیبر پختونخوا میں بارشوں، آندھی اور ژالہ باری کا الرٹ جاری کر دیا

پشاور صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) خیبر پختونخوا نے محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے پیش نظر 16 سے 20 جون 2026 تک صوبے کے مختلف اضلاع میں آندھی، تیز ہوائیں، گرج چمک کے ساتھ بارش اور بعض مقامات پر ژالہ باری کے امکانات کے حوالے سے الرٹ جاری کر دیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی ہواؤں کا سلسلہ 16 جون سے صوبے کے بالائی علاقوں میں داخل ہوگا جبکہ بحیرہ عرب سے آنے والی مرطوب ہوائیں بھی موسمی نظام کو مزید تقویت دیں گی۔

پی ڈی ایم اے کے مطابق چترال، دیر، سوات، شانگلہ، بونیر، مالاکنڈ، باجوڑ، کوہستان، کولئی پالس، بٹگرام، طورغر، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور، مردان، صوابی، خیبر، مہمند، پشاور، چارسدہ، نوشہرہ، کوہاٹ، کرم، ہنگو، اورکزئی، کرک، بنوں، لکی مروت، ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک اور شمالی و جنوبی وزیرستان میں وقفے وقفے سے بارش اور تیز ہواؤں کا امکان ہے۔

پی ڈی ایم اے نے خبردار کیا ہے کہ چترال، دیر، سوات، شانگلہ، بٹگرام، مانسہرہ، کوہستان اور ایبٹ آباد کے حساس علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ موجود ہے۔ تیز ہوائیں، ژالہ باری اور آسمانی بجلی فصلوں، کمزور تعمیرات، بجلی کے کھمبوں، بل بورڈز اور سولر پینلز کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔

ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے نے تمام ضلعی انتظامیہ کو پیشگی حفاظتی اقدامات یقینی بنانے، حساس مقامات کی نگرانی بڑھانے، سڑکوں کی بحالی، نکاسی آب کے نظام کو فعال رکھنے اور ہنگامی خدمات کو الرٹ رکھنے کی ہدایات جاری کی ہیں۔ سیاحوں اور مسافروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ موسمی صورتحال کے دوران غیر ضروری سفر سے گریز کریں، دریاؤں اور ندی نالوں کے قریب جانے سے احتیاط برتیں اور متعلقہ ضلعی انتظامیہ کی ہدایات پر عمل کریں۔ پی ڈی ایم اے نے کسانوں کو فصلوں اور مویشی پال حضرات کو اپنے جانوروں کے تحفظ کے لیے ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی بھی ہدایت کی ہے

پی ڈی ایم اے کا ایمرجنسی آپریشن سنٹر مکمل طور پر فعال ہے عوام کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی اطلاع فری ہیلپ لائن 1700 پر دیں۔

ترجمان پی ڈی ایم اے، خیبر پختونخوا